پیرس حملوں کی بابت۔۔۔ #

<<<<شریعت میں کفار کے جان ومال اور عزت کا”حکم اصلی“>>>>

اسی بناء پر قرآن کریم ،احادیث مبارکہ اور اس کی روشنی میں سلف و صالحین کے اقوال و فتاوی کے مطابق شریعت میں کفار کے بارے میں حکم کا خلاصہ یہ ہے کہ:

”ہر کافرکے بارے میں شریعت کا “حکم اصلی“یہ ہے کہ وہ حربی (جنگجو)ہے اور اس کی جان و مال اور عزت ایک مسلمان کے لئے حلال ہے جب تک کہ اس کا شرعی بنیادوں پر غیرِحربی ہونا ثابت نہ ہوجائے۔

چاہیے یہ غیر حربی ہونا دار الاسلام سے کسی معاہدے کی وجہ سے ہو،یا مسلمانوں کی طرف سے امان دیئے جانے کی وجہ سے ہو،یا پھردار الاسلام کے تحت ان کا ذمی بن جانے کی صورت میں ہو،یا پھر اُن صورتوں میں سے کوئی دیا ہوا ہوجیسے کہ کفار کی عورتیں ،بچے ،بوڑھے(exception)ایک ہوجن کی وجہ سے شریعت نے ان کو استثنیٰ بھی ختم ہوجاتے ہیں جیسا کہ ان کفار(exceptions)وغیرہ۔لیکن بعض صورتوں اور وجوہات کی بنیاد پر یہ استثنائات کی عورتوں ،بچوں ،بوڑھوں وغیرہ میں سے کسی کا مسلمانوں کے خلاف جنگ میں کسی بھی طرح شریک ہونا ،یا پھر معاہدے کی خلاف ور زی کرنا ،یا پھر شریعت کااستہزا ء،یاپھر ان کادیگر کفار میں گڈمڈ ہوجانا ،یا کفار کا ان کو ڈھال بنالینا یاپھر معاملہ بالمثل کی وجہ سے،تواس صورت میں ان کی بھی جان اور مال کی حرمت اٹھ جاتی ہے“۔

چنانچہ شریعت کی طرف سے ہر کافر کے بارے میں دیئے جانے والے اس حکم کو تفصیلاً سمجھنے کی کوشش کریں گے تاکہ مسلمانوں کے ذہن میں پائے جانے والے باطل نظریات و شبہات کا رد کیا جاسکے اور ایک کافر کے بارے میں شریعت کا حکم واضح ہوسکے کہ اس دنیا میں اس کا اصل مقام (Status)کیا ہے؟

....

<<<<مسلمان اور کافر کے مال وجان کی حرمت کے درمیان فرق>>>>

بلاشبہ شریعت نے مسلمانوں کے خون، ان کی عزتوں کی پامالی اور ان کے اموال کو مباح کرنا یا انہیں کسی بھی قسم کا بالواسطہ یا بلاواسطہ نقصان پہنچانا حرام قراردیا ہے ۔ ماسوائے کسی شرعی سبب کے ۔

جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ اِلَّا بِاِحْدَى ثَلَاثٍ النَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّيِّبُ الزَّانِي وَالْمَارِقُ مِنْ الدِّينِ التَّارِكُ لِلْجَمَاعَةِ))

”کسی مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں ماسوائے تین حالتوں میں سے کسی ایک کے ، جان کے بدلے جان، شادی شدہ زانی اور دین(اسلام)کو چھوڑ کر جماعت میں تفرقہ ڈالنے والا(یعنی مرتد)“۔

(صحیح البخاری،ج۲۱،ص۱۷۱،رقم الحدیث:۶۳۷۰)

لہٰذا یہ حالتیں ہیں کہ جن میں کسی مسلمان کا خون بہانا جائز ہوتا ہے مگر فقہاء کے نزدیک حدیث میں یہ حکم صرف انہی تین حالتوں پر منحصرنہیں بلکہ یہاں اللہ کے رسولﷺنے صرف مثال کے طور پر تین حالتوں کا بیان کیا ہے۔

تو اصل بات یہ ہے کہ مسلمانوں کی جان ،مال اور عزتوں کے بارے میں اصل حکم”حرمت“کا ہے یعنی وہ ہر صورت حرام ہیں مگر یہ کہ کسی شرعی جوازمثلاً قصاص یا ارتداد یا حد کے بغیر حلال نہیں ہوسکتیں۔

لیکن کفار کی جان مال اور عزتوں کے بارے میں اصل حکم”حلت“کا ہے یعنی وہ حلال ہیں مگریہ کہ کسی عہد یا ذمہ یا اَمان کے بغیر حرام نہیں ہوتیں۔اس کے ساتھ ان کی عورتیں ، بچے ، بوڑھے، مزدور اور جولڑ نہیں سکتے اس شرعی حکم سے خارج ہیں کیونکہ ان کے مستثنی ہونے کے دلائل موجود ہیں ۔لیکن کفار کے بوڑھوں بچوں اور عورتوں کے قتل کی حرمت مطلق(عام)نہیں ہے بلکہ چند مخصوص حالات میں انہیں بھی قتل کرنا جائز ہے جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

پیرس حملوں کی بابت:::

<<<<<مال و جان کے حرمت کی اصل وجہ>>>>>

رسول اللہ ﷺنے فرمایا:

((أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا اِلَہَ الَّا اللَّہُ فَمَنْ قَالَ لَا اِلَہَ اِلَّا اللَّہُ فَقَدْ عَصَمَ مِنِّی نَفْسَہُ وَمَالَہُ اِلَّا بِحَقِّہِ وَحِسَابُہُ عَلَی اللَّہِ))

’’مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ وہ لاالہ الا اللہ کہہ دیں۔پس جس نے لا الہ الا اللہ کہہ دیا تو اس نے اپنے مال اور جان کو مجھ سے بچالیا ،مگر یہ کسی حق کے بدلے میں،اور اس کا باقی حساب اللہ پر رہے گا‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۱۰،ص:۹۷،رقم الحدیث:۲۷۲۷)

((لکُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُہُ وَمَالُہُ وَعِرْضُہُ))

’’ہر مسلمان کا دوسرے مسلمان کا خون اور مال اوراس کی عزت حرام ہے‘‘۔

(صحیح مسلم ،ج۱۲،ص:۴۲۶،رقم الحدیث:۴۶۵۰)

((أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا اِلَہَ اِلَّا اللَّہُ فَاِذَا قَالُوهَا وَصَلَّوْا صَلَاتَنَا وَاسْتَقْبَلُوا قِبْلَتَنَا وَذَبَحُوا ذَبِيحَتَنَا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْنَا دِمَاؤُهُمْ وَأَمْوَالُهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّہِ))

’’مجھے اس وقت تک لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، جب تک وہ لا الہ الا اللہ نہ کہہ دیں پھر جب وہ یہ کہہ دیں اور ہماری جیسی نماز پڑھنے لگیں، اور ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرنے لگیں اور ہمار ذبیحہ کھا لیں تو یقیناً ان کے خون اور مال حرام ہو گئے، مگر اس حق کی بناء پر جو اسلام نے ان پر مقرر کردیا ہے، باقی ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۲،ص:۱۵۱،رقم الحدیث:۳۷۹)

((قَالَ سَأَلَ مَيْمُونُ بْنُ سِيَاهٍ أَنَسَ بْنَ مَالِکٍ قَالَ يَا أَبَا حَمْزَةَ مَا يُحَرِّمُ دَمَ الْعَبْدِ وَمَالَہُ فَقَالَ مَنْ شَہِدَ أَنْ لَا اِلَہَ اِلَّا اللَّہُ وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَصَلَّى صَلَاتَنَا وَأَكَلَ ذَبِيحَتَنَا فَہُوَ الْمُسْلِمُ لَہُ مَا لِلْمُسْلِمِ وَعَلَيْہِ مَا عَلَى الْمُسْلِمِ))

’’میمون بن سیاہ نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ اے ابوحمزہ!وہ کون سی چیز ہے، جس سے آدمی کا جان ومال دونوں دست درازی سے محفوظ ہو جاتے ہیں؟ تو انہوں نے کہا جوشخص اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرے اور ہماری جیسی نماز پڑھے اور ہمارا ذبیحہ کھا لے تو وہ مسلمان ہے، اس کے وہی حقوق ہیں، جو مسلمان کے ہوتے ہیں اور اس کے ذمہ وہی باتیں واجب ہیں، جو مسلمان کے ذمہ ہوتی ہیں ‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۲،ص:۱۵۱،رقم الحدیث:۳۷۹)

درجہ بالا احادیث سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ جب ایک شخص اسلام میں داخل ہوجاتا ہے تو اس کے جان و مال اورعزت کو اس وقت تحفظ حاصل ہوجاتا ہے ۔تو فقہی قاعدے ’’مفھوم المخالفۃ‘‘کے تحت اس بات کا یہ نتیجہ نکلا کہ اس سے پہلے یعنی اسلام لانے سے پہلے اسکا خون اور ان کا مال کو کوئی تحفظ حاصل نہیں تھابلکہ حلال تھا۔کیونکہ اگر اس شخص کے خون اور ان کے مال کواسلام لانے سے پہلے تحفظ حاصل ہوتا تو مندرجہ بالا احادیث تومسلمان کے جان اور مال کے تحفظ کے حوالے سے بے فائدہ اور بے معنی ہوکر رہ جاتی ہیں ۔

<<<<<کفر کا وصف ہی ایک انسان کو’’حربی‘‘بنادیتاہے>>>>>

درجِ بالا احادیث کی روشنی میں یہ بات واضح ہے کہ یہ’’ایما ن‘‘ہی ہے جو اہلِ ایمان کے جا ن ومال کو تحفظ دیتا ہے اور یہی چیز ہے جو تفریق کرتی ہے ان اہلِ ایمان کو اور ان کی حرمت کو کافروں سے اور’’کفر‘‘کا وصف ہونا ہی وہ چیز ہے جو ایک انسان کو’’کافر ‘‘بنادیتاہے اور حلال کردیتا ہے اس کی جان ومال کو اور ان کی حرمت کو اٹھادیتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:
”بأن اللّٰہ تبارک وتعالی حرم دم المؤمن ومالہ الا بواحدۃ ألزمہ ایاھا وأباح دم الکافر ومالہ الا بأن یؤدی الجزیۃ أو یستأمن الی مدۃ“

”اللہ تبارک وتعالیٰ نے مومن کا خون اور مال حرام کیا ہے سوائے ایک الزام کہ جووہ اپنے اوپر لے(یعنی مرتد ہوجائے)اور کافر کا خون اور مال مباح رکھا ہے سوائے اس کے کہ وہ جزیہ اداکرے یا اس کو ایک مدت کے لئے امان مل جائے“۔

(الآم،ج۱،ص۳۰۱)

امام شافعی رحمۃ اللہ ہی کفار پر شب خون مارنے کے دوران بچوں اور عورتوں کے نشانہ بن جانے کے حوالے سے فرماتے ہیں:

((ومعنی قولہ ”منھم“انھم یجمعون خصلتین ان لیس لھم حکم الایمان الذی یمنع بہ الدم ولا حکم دار الایمان الذی یمنع بہ الغارۃ علی الدار“

”اور اللہ کے رسول ﷺ کا یہ کہنا ہے کہ(ھم منھم))”یہ انہی میں سے ہیں“کا مطلب یہ ہے کہ ان میں دو خصوصیا ت ہیں،ایک یہ کہ ان پر”ایمان “کا حکم نہیں ہے (یعنی مسلمان نہیں ہیں)جس سے ان کا خون حرام ہوجائے،نہ تو ان پر دارالاسلام میں رہنے کا حکم لگتا ہے جس سے ان کے گھروں پر حملہ کرنے کی ممانعت ہو“۔

(الرسالۃ:۲۹۹)

فقہاء کرام نے متفقہ طور پر یہ شرعی اصول بیان فرمایا ہے کہ:
”لِأَنَّ دَمَ الْکَافِرِ لَا یَتَقَوَّمُ الَّا بِالْأَمَانِ“
”کافر کے خون کی کوئی حیثیت نہیں مگر یہ کہ جب اس کو امان مل جائے“۔

(رد المختار،ج۱۵،ص۴۴۵۔بدائع الصنائع،ج۱۵،ص۲۸۴۔ الدر المختار،ج۴،ص۸۰۳)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ رماتے ہیں:
”وان کان کافرا حربیا فان محاربتہ أباحت قتلہ وأخذ مالہ واسترقاق امرأتہ“
”اور اگر کافر جنگجو ہو تو بلاشبہ اس کے جنگجو ہونے نے ہی اس کے قتل ، اس کے مال لینے اور اس کی عورت کو لونڈی بنانا مباح کردیا“۔

(مجموع الفتاوی لابن تیمیۃ،ج۳۲۔ص۳۴۳)

امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:
”لان الاصل اباحۃ دم الکافر وعدم الامان“
”اصل یہ ہے کہ کافر کا خون مباح ہے جبکہ اس کے پاس امان نہ ہو“۔

(الشرح الکبیر،ج۱۰،ص۵۶۰)

امام ابن ِ نحاس رحمۃ اللہ ایک کافر کے حربی ہونے کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ المغنی کے مصنف امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ نے فرمایا:

”مَنْ ضَلَّ الطَّرِیقَ مِنْھُمْ،أَوْ حَمَلَتْہُ الرِّیحُ الَیْنَا،فَھُوَ لِمَنْ أَخَذَہُ فِی احْدَی الرِّوَایَتَیْنِ ؛ لِأَنَّہُ مَتَاعٌ أَخَذَہُ أَحَدُ الْمُسْلِمِینَ بِغَیْرِ قُوَّۃِ مُسْلِمٍ،فَکَانَ لَہُ،کَالْحَطَبِ،وَالرِّوَایَۃُ الثَّانِیَۃ ، یَکُونُ فَیْئًا“

”جوکافر بھی اپناراستہ کھو بیٹھے یا ہوا اسے ہماری طرف لے آئے (کشتیوں کی صورت میں)تو یہ کافر(اوراس کا مال)اُس مسلمان کا ہے جس کے ہاتھ میں وہ آجائے دو روایتوں میں سے ایک کے مطابق،اور دوسری روایت یہ ہے کہ وہ مالِ فے ہے“۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔المغنی،ج۲۱،ص۱۸،رقم:۷۴۹۱)

امام ابن ِ نحاس رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ المغنی کے مصنف امام احمد؟کا یہ قول بھی نقل کرتے ہیں:
”وَسُئِلَ عَنْ مَرْکَبٍ بَعَثَ بِہِ مَلِکُ الرُّومِ،فِیہِ رِجَالُہُ،فَطَرَحَتْہُ الرِّیحُ الَی طَرْطُوسَ،فَخَرَجَ الَیْہِ أَھْلُ طَرْطُوس،فَقَتَلُوا الرِّجَالَ،وَأَخَذُوا

الْأَمْوَالَ؟ فَقَال:هَذَا فَيْئٌ الْمُسْلِمِينَ ، مِمَّا أَفَاءُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ۔ "

"امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ سے پوچھا گیا(کافروں کے) ایک بحری جہاز کے بارے میں جس کو روم کے بادشاہ نے روانہ کیا جس میں لوگ تھے۔ پھر ہو ا نے اسے "طرطوس"کی طرف پہنچا دیا،تو اہل ِ طرسوس نکلے اور ان لوگوں کو قتل کردیا اور ان کے مالوں کو لوٹ لیا،تو انہوں نے کہا :"یہ مسلمانوں کے لئے مالِ فے ہے۔جس کو اللہ نے انہیں عطا کیا"

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔المغنی،ج۱۲،ص۸۲ ،رقم:۷۵۵۲)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ سے مزید سوال کیا گیا:

"وَعَنْ الْقَوْمِ يَضِلُّونَ عَنْ الطَّرِيقِ،فَيَدْخُلُونَ الْقَرْيَةَ مِنْ قُرَى الْمُسْلِمِينَ ، فَيَأْخُذُونَهُمْ ؟فَقَالَ يَكُونُونَ لِأَهْلِ الْقَرْيَةِ كُلِّهِمْ ، يَتَقَاسَمُونَهُمْ۔ "

"اور ان سے پوچھا گیا(کافروں میں سے) ان لوگوں کے بارے میں جو اپنا راستہ کھوبیٹھیں پھر ایک بستی میں جاپہنچے جو کہ مسلمانوں کی بستیوں میں سے ہواور کوئی مسلمان انہیں گرفت میں لے لے؟تو انہوں نے جواب دیا :"تو یہ بھی اس بستی کے لوگوں کا اجتماعی مال ہے اور وہ اس کو آپس میں تقسیم کرلیں"۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔المغنی،ج۱۲،ص۸۲ ،رقم:۷۵۵۲)

امام السرخسی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

"(قَالَ):وَسَأَلْته عَنْ الرَّجُلِ يَأْسِرُ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ الْعَدُوِّ هَلْ يَقْتُلُهُ أَوْ يَأْتِي بِهِ الْإِمَامَ۔ قَال:أَيُّ ذَلِکَ فَعَلَ فَحَسَنٌ ؛ لِأَنَّ بِالْأَسْرِ مَا تَسْقُطُ الْإِبَاحَة مِنْ دَمِهِ حَتَّى يُبَاحَ لِلْإِمَامِ أَنْ يَقْتُلَهُ فَكَذَلِکَ يُبَاحُ لِمَنْ أَسَرَهُ كَمَا قَبْلُ أَخْذُهُ وَلَمَّا قُتِلَ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ بَعْدَ مَا أُسِرَ يَوْمَ بَدْرٍ لَمْ يُنْكِرْ ذَلِکَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَنْ قَتَلَهُ ، وَإِنْ أُتِيَ بِهِ الْإِمَامُ فَهُوَ أَقْرَبُ الَى تَعْظِيمِ حُرْمَةِ الْإِمَامِ ، وَالْأَوَّلُ أَقْرَبُ الَى اظْهَارِ الشِّدَّةِ عَلَى الْمُشْرِكِينَ،وَكَسْرِ شَوْكَتِهِمْ فَيَنْبَغِي أَنْ يَخْتَارَ مِنْ ذَلِکَ مَا يَعْلَمُهُ أَنْفَعَ وَأَفْضَلَ لِلْمُسْلِمِينَ "

"اور جب میں نے (امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ سے)پوچھا ایک شخص کے بارے میں جو دشمن میں سے کسی کو پکڑتا ہے تو وہ اس کو قتل کرے یا اس کو امام کے پاس لائے تو امام ابو حنیفہ نے جواب دیا "دونوں میں سے جو بھی کرے وہ اچھا(صحیح)ہے ۔کیونکہ قیدی بنانے کی صورت میں کوئی چیز اس کے خون کے مباح ہونے کو ختم نہیں کرتی ،تو امام اس کو قتل کرسکتا ہے ۔پس یہ قیدی بنانے والے کے لئے بھی جائز ہے جیساکہ قیدی بنانے سے پہلے (اس کا قتل جائز)تھا ۔اور جب امیہ بن خلف بدر کے روز قیدی بنانے کے بعد قتل کیا گیا تو رسول ﷺنے قتل کرنے والے (حضرت بلال رضی اللہ عنہ)پر کوئی اعتراض نہیں کیا اور اگر وہ اس کو امام کے پاس لے جائیں تو یہ امام کے مقام کے احترام کے زیادہ قریب ہے جبکہ جو پہلی بات ہے (یعنی اسے قتل کردینا)یہ مشرکین پر شدت کے اظہار اور ان کی طاقت توڑنے کے زیادہ نزدیک ہے ۔تو اسے چاہیے دونوں میں سے جو چیز مسلمانوں کے لئے زیادہ سود مند ہو اسے اختیار کرے"۔

(المبسوط،ج۱۲،ص۳۳۷)

مشہور مصری عالم دین اوراخوان المسلمین کے مرشد عام شیخ عبدالقادر عودہ شہیدرحمۃ اللہ "حربی "کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"دار الحرب کے باشندوں کی دو قسمیں ہیں :(۱)حربی (۲) مسلمان ....حربی دار الحرب کے وہ باشندے ہیں جو اسلام پر ایمان نہ رکھتے ہوں اور حربیوں کا حکم یہ ہے کہ ان کو اسلام کی جانب سے کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے اور اگر ان کے اور دار الاسلام کے درمیان کوئی معاہدہ یا صلح نہ ہو تو ان کا جان و مال مباح ہے ،کیونکہ جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں کہ اسلام میں (مال و جان کے)تحفظ کی دو صورتیں ہیں ،قبول اسلام اور امان"۔

(اسلام کا فوجداری قانون،جلد اول صفحہ ۳۷۱۔اسلامک پبلشر)

<<<<صرف جنگ میں شریک شخص"حربی"نہیں ہوتا>>>>

مسلمانوں کی طرف سے اگر کافر کے ساتھ کوئی معاہدہ ہو یا اس کو پناہ دی گئی ہویا پھر جزیہ دینے پر آمادہ ہوگیا ہو

تواس کوباترتیب معاہد، مستأمن اور ذمی کہتے ہیں.........اس کے برعکس وہ کافر جس سے نہ کوئی معاہدہ ہواور نہ ہی اس کو پناہ دی گئی ہو اور نہ ہی وہ جزیہ دینے پر آمادہ ہو اس کو"محارب"یا "حربی " کہتے ہیں۔

یہ بات بھی جان لینا ضروری ہے کہ کافروں پر یہ تعریف (محارب یا حربی)تب بھی لاگو ہوتی ہے جب کہ کفار مسلمانوں کے خلاف حالتِ جنگ میں بھی نہ ہوں،کیونکہ کافر کی یہ تعریف تین صورتوں یعنی معاہد،مستامن یا ذمی کے علاوہ صورتوں پر ہے کیونکہ یہ ساری صورتیں اس کے خون اور جان کی حفاظت کرتی ہیں لیکن یہ تعریف مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے سے مشروط نہیں ہے۔چنانچہ کفر کا وصف ہی وہ چیز ہے جوکہ کافروں کی جان اور مال کو حلال کردیتی ہے۔ صرف چند صورتیں ایسی ہیں جو کہ ان کے جان اور مال کا تحفظ کرتی ہیں(کفر کی موجودگی کے باوجود)جیسے ذمی بن جانا۔ اسی وجہ سے علی فرماتےہیں :

"وَقَدْ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّہُ عَنْہُ:اِنَّمَا بَذَلُوا الْجِزْيَۃَ لِتَكُونَ دِمَاؤُہُمْ كَدِمَائِنَا،وَأَمْوَالُہُمْ كَأَمْوَالِنَا"

"بے شک انہوں (کافروں)نے جزیہ اسی لئے دیا تاکہ ان کا مال ہمارے مال کی طرح ہوجائے اور ان کا خون ہمارے خون کی طرح ہوجائے (یعنی ان کو تحفظ مل جائے)"۔

(المغنی ،ج۲۰،ص۴۶۷۔ در المختار،ج۴ص۔۴۰۳)

کافر کی جان ومال کی حرمت کب ہوتی ہے؟

اس سے پہلے کے ہم "کافر "کے بارے میں حکم شرعی کو مزید جانیں ،ہم ان استثنائی صورتوں کو اجمالاًسمجھ لیتے ہیں جن کی وجہ سے کافرکو عارضی استثنیٰ مل جاتا ہے اور اس کی جان و مال اور عزت کو عارضی تحفظ مل جاتا ہے۔وہ تین صورتیں درج ذیل ہیں:

(۱) معہد

(۲) مستأمن

(۳) ذمی

اس بات کو امام ابن القیم رحمۃ اللہ یوں بیان فرماتے ہیں:

"ثم كان الكفار معہ بعد الأمر بالجهاد ثلاثة أقسام أهل صلح وهدنة وأهل حرب وأهل ذمة "

"پھر جہاد کے واجب ہونے کے بعد کفار کی تین قسمیں ہوگئیں(جن کو امان ملی)صلح ومعاہدہ والے ، جنگ کرنے والے اور ذمّی لوگ"۔

(زادالمعاد۱۵۹ /۳)

(۱) معہدکا مطلب:

دار الاسلام کا جن کافروں سے مقررہ یا غیر مقرہ مدت کے لئے معاہدہ ہوجائے تو ان کو بھی امان حاصل ہوجاتی ہے اور ان کے بھی مال وجان کو تحفظ حاصل ہوجاتاہے۔واضح رہے کہ اکثر فقہاء کرام کفار سے کسی بھی معاہدے کی مدت دس سال سے زیادہ مقررکرنے کوصحیح نہیں سمجھتے کیونکہ اس صورت میں جہاد معطل ہوکر رہ جائے گا اور دوسرا یہ کہ یہ معاہدے غیر شرعی بنیادوں پر نہ ہوں جیسے کہ مسلمانوں کے خلاف کافروں سے کسی بھی قسم کا معاہدہ کرلینا۔

(۲) مستأمن کا مطلب:

کسی بھی کافر کو اگر کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان بھی پناہ دے دے تو اس کافر کو تمام مسلمانوں کی طرف سے امان حاصل ہوجاتاہے اور اس کے جان ومال کوبھی تحفظ حاصل ہوجاتاہے۔البتہ اگر وہ بھی کسی جرم کا مرتکب ہوتو اس کو اس کے جرم کے مطابق سزا ملے گی۔

(۳)ذمی کا مطلب:

ذمی وہ ہوتا ہے جوکہ ایمان نہ لائے لیکن مسلمانوں کواپنے مال میں سے ایک مقررہ حصہ جس کو شرعی اصطلاح

میں ''جزیہ''کہا جاتا ہے، سال بھر میں ایک دفعہ دیتار ہے۔لیکن یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ شریعت نے جزیہ دینے کا معاملہ صرف اہل کتاب اور مجوسیوں تک مخصوص رکھا ہے۔جیساکہ اللہ تعالیٰ کا ارشادہے:

﴿قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لاَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلاَ بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلاَ يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلاَ يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ ﴾

''ان لوگوں سے لڑتے رہوجو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں لاتے (اور)جو اللہ اور اس کے رسول کے حرام کردہ شے کو حرام نہیں جانتے،نہ ہی دین حق کو قبول کرتے ہیں ،ان لوگوں میں سے جن کو کتاب دی گئی تھی ، یہاں تک کہ وہ ذلیل وخوار ہوکر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں''۔

(التوبة:۲۹)

باقی دوسرے قسم کے کافروں کے لئے مثلاً مشرکین کے لئے تو سوائے معاہدے یا امان کے سوا کوئی اور جائے پناہ نہیں ہے۔شیخ عبدالقادر عودہ شہیدرحمۃ اللہ ان تینوں صورتوں کے بارے میں فرماتے ہیں :

''وہ حربی جن کا دار الاسلام سے کوئی معاہدہ نہ ہو تو وہ دار الاسلام میں داخل نہیں ہوسکتے اور اگر کوئی حربی دار الاسلام میں آجائے تو اس کی جان ومال مباح ہے ،اسے قتل کرکے اس کا مال سلب کیا جاسکتا ہے اور اس کو قید کرنا اور معاف کردینا بھی جائز ہے۔اور اگر کوئی حربی دارالاسلام میں اجازت سے یا مخصوص امان کی بناء پر یا کسی معاہدے کے تحت داخل ہو تو وہ مستامن ہے اور اس کے جا ن ومال وقتی طور پر محفوظ ہوجائیں گے ،کیونکہ اس کی امان بھی وقتی ہے دائمی نہیں ہے۔اس کو اجازت ہے کہ وہ دارالاسلام میں اپنی جان ومال کی حفاظت کے ساتھ قیام کرلے جس عرصے کی اسے امان ملی ہے ۔جب اس کی مدت امان ختم ہوجائے گی تو وہ دوبارہ حربی بن جائے گا جیسے کہ اگر وہ دارالاسلام چھوڑ جاتا تو اس کا جان و مال غیر محفوظ قرار پاتا ،البتہ اگر وہ(امان کی مدت ختم ہونے کے بعد)اپنے ارادے سے دار الاسلام میں رہے تو بعض اصحاب اس کو حربی قرار دیتے ہیں اور جبکہ بعض اس کو ذمی خیال کرتے ہیں ،اس لئے کہ وہ اپنے اختیار سے دار الاسلام میں رہ رہا ہے اور اس وجہ سے اس کے جان ومال دائمی طور پر محفوظ ہوگئے ہیں''۔

(اسلام کا فوجداری قانون،جلد اول صفحہ ۳۷۱)

یہاں ایک بات ملحوظ خاطر رہے کہ کافر کو جب ان تین میں سے کوئی ایک استثنا ء حاصل ہوتو اس کامطلب ہر گز یہ نہیں ہے کہ اس کوہر قسم کی چھوٹ مل گئی اور اب وہ جو چاہے کرتارہے۔ فقہاء کرام نے اُن تمام چیزوں کے متعلق تفصیلاً احکامات اپنی فتاویٰ اور تصانیف میں بیان کردیئے ہیں جن کی وجہ سے ان کو حاصل یہ استثنیٰ بھی ختم ہوجاتا ہے اور ان کی پچھلی حیثیت یعنی حربی ہونابحال ہوجاتی ہے۔جیساکہ مسلمانوں کے خلاف کسی دوسرے کافر کی مدد کرنا،شریعت کا استہزاء،رسول اللہ ﷺکی شان میں گستاخی وغیرہ۔

پیرس حملوں کی بابت:::

<<<<کافر اگر مسلمانوں کی طرف بھٹک کر بھی آجائے تو اس کا حکم>>>>

جہاں تک تعلق ہے ان کفار کے بارے میں جو مسلمانوں کی زمینوں کی طرف رخ کریں امان طلب کرنے کے لئے، تو محکم رائے یہ ہے کہ ان پر حملہ نہیں کیا جائے گا۔مگر جب وہ کسی بھی وجہ سے مسلمانو ں کی زمینوں میں داخل ہوجائیں یا اس طرف رخ کریں جبکہ وہ امان کے طلب گا ر نہ ہوں تو ان کا خون اور مال مباح ہے اور اس کو مسلمانوں میں تقسیم کیاجائے گا۔)امام کے ذریعے یا ازخود)۔ امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ کا یہ قول پہلے گذر چکا کہ :

''مَنْ ضَلَّ الطَّرِيقَ مِنْهُمْ ،أَوْ حَمَلَتْهُ الرِّيحُ اِلَيْنَا،فَهُوَ لِمَنْ أَخَذَهُ فِي اِحْدَى الرِّوَايَتَيْنِ ؛لِأَنَّهُ مَتَاعٌ أَخَذَهُ أَحَدُ الْمُسْلِمِينَ بِغَيْرِ قُوَّةِ مُسْلِمٍ،فَكَانَ لَهُ،كَالْحَطَبِ،وَالرِّوَايَةُ الثَّانِيَة، يَكُونُ فَيْئًا''

''جوکافر بھی اپناراستہ کھو بیٹھے یا ہوا اسے ہماری طرف لے آئے (کشتیوں کی صورت میں)تو یہ کافر(اوراس کا مال)اُس مسلمان کا ہے جس کے ہاتھ میں وہ آجائے دو روایتوں میں سے ایک کے مطابق،اور دوسری روایت یہ ہے کہ وہ مالِ فےِ ہے''۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔المغنی،ج۲۱،ص۱۸،رقم:۷۴۹۱)

امام ابن ِ نحاس رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ المغنی کے مصنف امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ کا یہ قول بھی نقل کرتے ہیں:

’’وسئل عن قوم یکونون فی حصن أو رباط فیخرج منهم قوم الی قتالهم فیصیبون دواباً أو سلاحاً؟فقال أبوعبد اللّٰہ :یکون بین اهل الرباط،واهل الحصن‘‘

’’اور ان سے پوچھا گیا ان لوگوں(مسلمانوں)کے بارے میں جو قلعے میں ہوں یا رباط میں ہوں اور پھر ان (مسلمانوں)میں سے کچھ لوگ باہر نکل کر ان (کافروں)سے لڑیں اور ان کے مال مویشی ہتھیاروں کو حاصل کریں تو ابوعبداللہ(امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ) کہتے ہیں کہ’’یہ مال اہلِ قلعہ اور اہلِ رباط کے درمیان تقسیم ہوگا‘‘۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔المغنی والشرح الکبیر،ج۱۰،ص۵۶۴)

المغنی کے مصنف فرماتے ہیں:

’’وَاِذَا دَخَلَ حَرْبِیٌّ دَارَ الْاِسْلَامِ بِغَیْرِ أَمَانٍ،نَظَرْت؛فَاِنْ کَانَ مَعَهُ مَتَاعٌ یَبِیعُهُ فِی دَارِ الْاِسْلَامِ،وَقَدْ جَرَتْ الْعَادَة بِدُخُولِهِمْ اِلَیْنَا تُجَّارًا بِغَیْرِ أَمَانٍ،لَمْ یُعْرَضْ لَهُمْ.وَقَالَ أَحْمَدُ:اِذَا رَکِبَ الْقَوْمُ فِی الْبَحْرِ،فَاسْتَقْبَلَهُمْ فِیهِ تُجَّارٌ مُشْرِکُونَ مِنْ أَرْضِ الْعَدُوِّ یُرِیدُونَ بِلَادَ الْاِسْلَامِ،لَمْ یَعْرِضُوا لَهُمْ،وَلَمْ یُقَاتِلُوهُمْ ‘‘

’’اگرایک حربی دارالاسلام میں بغیر امان کے داخل ہوجائے تو اس کی جانچ پڑتال کی جائے گی کہ کیا اس کے پاس ہتھیار ہیں جو وہ دارالاسلام میں فروخت کرے اور اگر یہ عام طور پر داخل ہوں بغیر امان کے تاجروں کی حیثیت سے تو ان کا راستہ نہیں روکا جائے گا۔اور احمد بن حنبل رحمۃ اللہ کہتے ہیں کہ لوگ اگر سمندر میں نکلیں اور ایک جہاز آجائے جو کہ دشمن کی سرزمین سے تعلق رکھتا ہو اور جس میں مشرکین تاجر ہوں جو مسلمانوں کی سرزمین پر جانے کی غرض سے نکلے ہوں تو ان کا راستہ نہیں روکا جائے گا اور ان سے نہیں لڑا جائیگا‘۔

(المغنی،ج۲۱،ص۱۸،رقم:۷۴۹۱)

امام ابن ِ نحاس رحمۃ اللہ رماتے ہیں:

’’وقد ذکر الرافعی والنووی وغیرهما ان قصد التجارۃ لایفید الامان، وانہ لو قال:ظننت ان قصد التجارۃیفید الامان فلا أثر لظنہ ویغتال‘‘

’’مگرامام الرافعی رحمۃ اللہ اورامام النووی رحمۃ اللہ اور دیگر کہتے ہیں کہ تجارت کی غرض کو امان نہیں شمار کیا جائے گا، اور اگر وہ کافر کہیں کہ میرا گمان تھا کہ تجارت کی غرض سے آنا امان سمجھاجائے گا، تو اس کے گمان سے کچھ فرق نہیں پڑتا اور اس کو قتل کردیا جائیگا‘‘۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔الروضۃ،ج۱۰،ص۲۸۰)

پھرامام ابن ِ نحاس رحمۃ اللہ پنے بارے میں فرماتے ہیں:

’’وقد سألت جماعة من اعیان الشافعیة عن الحربی یخرج من بلادہ قاصداً بلاد المسلمین بتجارة۔هل یجوز لأحد الرعیة غزوہ قبل دخولہ میناء المسلمین أوبعددخولہ،وقبل أمانہ أم لا؟۔فاجابوا بانہ یجوز قتالہ قبل دخول میناء المسلمین وبعدہ،واللّٰہ اعلم‘‘

’’اور میں نے پوچھا(ایک سوال)شافعیوں کے ایک گروہ سے حربی کے بارے میں جو اپنے ملک سے نکلے اس غرض سے کہ مسلمانوں کے ملکوں میں تجار ت کرے :’’کیا یہ جائز ہے کہ ایک گروہ ان سے لڑے مسلمانوں کی بندر گاہ میں داخل ہونے سے پہلے یا داخل ہونے کے بعد ،اور کیا ایسی صورت میں (محض اس کے ارادے سے)اس کی امان کا اعتبار کیا جائے یا نہیں ۔تو انہوں نے جواب دیا :ان پر حملہ کرنا جائز ہے مسلمانوں کے بندر گا ہ میں داخل ہونے سے پہلے اور داخل ہونے کے بعدبھی (واللہ اعلم)‘‘۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴)

فقہاءکرام وسلف صالحین کے اقوال کا یہاں ذکر کرنے کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ فقہاء نے کفار کے مال اور جان کو(چاہے وہ تاجرہویا کسی بھی اورصورت میں)اس بنیاد پر جائز قرارنہیں دیا کہ انہوں نے اسلام یا مسلمانوں پر جارحیت کی ہوبلکہ صرف اس بنیاد پر کہ ان کو امان کا کوئی عہد نہیں دیا گیا۔

فقہاء کے درمیان اختلاف صرف اس بات پرہے کہ جب کفار دارالاسلام بغیر اجازت داخل ہوں چاہے وہ تجارت کی

غرض سے ہویا کوئی اور مجبوری تو ان کفار کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ آیا ان کو امان دی جائے یا ان کو لوٹادیا جائے یا پھراگرکوئی ان کے مال و جان پر کوئی قبضہ کرلے توکوئی بھی حرج نہیں۔جبکہ کفار کے ''حکم اصلی ''یعنی ان کا مال اور جان ایک مسلمان کے لئے حلال ہے سوائے چند صورتوں کے ،اس میں فقہاء کرام میں کوئی بھی اختلاف نہیں ۔

جیساکہ امام ابن ِ نحاس رحمۃ اللہ امام مالک رحمۃ اللہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

''وروی ابن وھب،عن مالک،فی قوم من العدو ونزلوا بساحلنا بغیر اذن فأخذاو،فزعموا انھم تجار لفظھم البحر،ولایعلم صدقھم وقد تکسرت مراکبھم،ومعھم سلاح،أویشکون العطش الشدید،فینزلون للماء بغیر اذن،أن ذلک للامام یری فیھم رایہ،ولا یخمسون،وانماالخمس فیما أوجف علیہ بالخیل والرکاب''۔

''ابن ِ وہاب روایت کرتے ہیں امام مالک سے ایک شخص کے بارے میں جو کہ دشمنوں میں سے ہو اور ہمارے ساحل پر آجائے بغیر اجازت کے پھر وہ پکڑا جائے اور اس کے بعد وہ دعویٰ کریں کہ''وہ تو تاجر ہیں اور سمندر میں راستہ بھٹک گئے ہیں''لیکن ان کا سچا ہونا بھی ثابت نہیں ہوتا اور ان کا جہاز بھی ٹوٹ چکا ہے اوران کے پاس ہتھیار ہیں یا پھر وہ شدید پیاس کی صورت میں پانی کی تلاش میں بغیر اجازت ساحل پر آجائیں تو یہ امام پر منحصر ہے کہ وہ ان کا کیا (فیصلہ) کرتا ہے ۔اور یہ خمس میں تقسیم نہیں ہوگا کیونکہ خمس صرف غنیمت پر ہے جو کہ حاصل کیا جاتا ہے گھوڑوں اور اونٹوں کے ذریعے لشکر کشی کرتے ہوئے ۔''

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۵)

اس کے بعدامام ابن ِ نحاس رحمۃ اللہ امام عبدالسلام المالکی رحمۃ اللہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

''واذا لم تقم أمارۃ علی صدقھم ولا علی کذبھم،فالحکم اما الاستراق أو یردون الی مامنھم،ولایجوز القتل علی اشھر القولین،والقول الاخر :یجوز عملاً بمقتضی الأصل وبانتفاء المانع''

''اور اگر ان کے سچے یا جھوٹے ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ہے تو پھر یا تو ان کا حکم غلامی کا ہے یا پھر یہ کہ ان کو امن کی جگہ پر پہنچادیا جائے اور دونوں آرا میں سے راجح قول یہ ہے کہ ان کا قتل جائز نہیں ہے جبکہ دوسری رائے یہ ہے کہ اصل قاعدے (حکم ِ اصلی)کی بنیاد پر اور ان کو تحفظ فراہم کرنے والی کسی بھی وجہ(استثناء)کی عدم موجودگی کی وجہ سے ان کا قتل جائز ہے''۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۵)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں :

''اکثر فقہاء کے نزدیک قرآن وسنت کے مطابق ان میں سے یعنی کفار میں سے کوئی شخص لڑتے ہوئے یا بغیر لڑے قید کرلیا جائے مثال کے طور پر اگر اس کا جہاز اسے ہماری طرف لے آئے یا وہ راستہ بھٹک جائے یا وہ دھوکہ سے قید کیا جائے تو امام اس کے ساتھ وہ کرتا ہے جو زیادہ فائدہ مند ہو اس کو قتل کرنے سے لے کر غلام بنانے ،احسان کرنے ،فدیہ لینے یا قیدی کے بدل کے طور ''۔

(مجموع الفتاویٰ،۲۸/۳۵۵)

سیرت نبوی ﷺسے مثالیں:

((عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ مِنْ بَنِی سُلَیْمٍ بِنَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّہِ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یَسُوقُ غَنَمًا لَہُ فَسَلَّمَ عَلَیْھِمْ فَقَالُوا مَا سَلَّمَ عَلَیْنَا اِلَّا لِیَتَعَوَّذَ مِنَّا فَعَمَدُوا اِلَیْہِ فَقَتَلُوہُ وَأَتَوْا بِغَنَمِہِ النَّبِیَّ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ الْآیَۃَ ﴿یَا أَیُّھَا الَّذِینَ آمَنُوا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِی سَبِیلِ اللَّہِ فَتَبَیَّنُوا ﴾))

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ بنو سلیم کا ایک آدمی اپنی بکریوں کو ہانکتے ہوئے چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس سے گذرا، اس نے انہیں سلام کیا، وہ کہنے لگے کہ اس نے ہمیں سلام اس لئے کیا ہے تاکہ اپنی جان بچالے(حالانکہ یہ کافر ہے)، یہ کہہ کر وہ اس کی طرف بڑھے اور اسے قتل کر دیا اور اس کی بکریاں لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوگئے، اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ''اے ایمان والو!جب تم اللہ کے

راستے میں نکلو تو خوب چھان بین کرلو"۔
(مسند احمد،ج۶،ص۴۵۱،رقم الحدیث:۱۹۱۹)
بنو سلیم سے تعلق رکھنے والے اس شخص کے واقعہ سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ صحابہ کرام کی جانب سے اس کو قتل کرنے اور اس کا مال ومتاع لوٹنے پر جو نکیر آئی وہ اس کے ایمان کے اظہار کی وجہ سے ہے ورنہ اگر کافر کی جان و مال کی کوئی حرمت ہوتی تو صحابہ کرام اس کے یوں قتل کو جائز نہ سمجھتے اور نہ ہی اس کے مال و متاع کوحلال سمجھتے ۔

اس کی دلیل امام محمد ابن الحسن اشجع سے آئے ہوئے شخص کے متعلق اس فتوی سے بھی ہوتی ہے :
"أن رجلاً من أشجع جاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فشکا الیہ الحاجة فقال: اصبر،ثم ذهب فأصاب من العدو غنیمة،وأتی بها النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فطیبها لہ، فأنزل اللّٰہ تعالی﴿وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰہَ يَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًاوَّيَرْزُقْہُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ﴾(الطلاق:۲،۳)فهذا أصل علمائنا فیما یصیبہ الواحد والمثنی من دار الحرب۔اذا دخلوا علی وجہ التلصص، بغیر اذن الامام"
"ایک آدمی اشجع سے آپﷺکے پاس آیا ان سے ایک معاملہ کی شکایت کی ،آپ ﷺ نے فرمایا کہ "صبر کرو"وہ پھر(کافر)دشمنوں سے غنیمت حاصل کرکے آپ ﷺکے پاس(لوٹ)آیا تاکہ آپﷺ اس کے لئے یہ جائز(حلال)کریں تواللہ نے یہ آیت نازل کی:﴿وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰہَ يَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًاوَّيَرْزُقْہُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ﴾(الطلاق:۲،۳)"اور جوکوئی اللہ کا تقویٰ اختیار کرے اللہ اس کے لئے راستہ بنادیتا ہے اور اس کو وہاں سے رزق ملتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا"۔یہ (واقعہ) بنیادی (دلیل ہے)ہمارے علماء کے نزدیک ان لوگوں کے بارے میں جو امام کی اجازت کے بغیر دارالحرب میں ہوں چوری کی نیت سے "
(شرح کتاب السیر الکبیر،ج۱،ص۳۹۶)
شیخ یوسف العیری شہیدرحمة اللہ فرما تے ہیں:
"واذا لم یکن الکافر معاهداً ولا ذمیاً فان الأصل فیہ أنہ حربی حلال الدم والمال والعرض"
"اور جب کافر نہ تو حلیف ہواور نہ ذمی تو بلاشبہ اس کی اصل یہی ہے کہ وہ ایسا حربی یعنی جنگجو ہوتا ہے کہ جس کا خون ، مال اور عزت حلال ہوتا ہے"
(حقیقة الحرب الصلیبیة الجدیدة)
امام انور العولقی رحمة اللہ اپنے فتوے میں فرماتے ہیں:
"ہماری اسلامی شریعت کے مطابق کفارکے ہاتھو ں میں جو املاک ہیں وہ ان کے کفر کی وجہ سے ان کی جائز ملکیت تصور نہیں ہوتیں اور جب کبھی اسلام اگر انہیں ملکیت کا حق دیتا ہے تو وہ ایسا (ان کفار کے بارے میں)بنیادی اصول (کہ ان کا مال وجان حلال ہے)سے استثنائی صورت میں کرتا ہے،جیسے اہل الذمہ کے معاملے میں جب وہ جزیہ اداکریں ۔یہی وجہ ہے کہ ہمارے علماء کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے مال کو "فے"کا نام دیا ہے جس کے معنی "واپس لوٹانے "کے ہیں ،پس وہ کہتے ہیں کہ کفار کی املاک جو کہ (اصلاً)ان کی جائز ملکیت نہیں ہیں ،مومنوں کی طرف واپس لوٹ آئی ہیں جو ان املاک کے "جائز"مالک ہیں"۔
(امام انور العولقی شہیدرحمہ اللہ کے مشہور فتوے "دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم" سے اقتباس)

پیرس میں حملوں کی بابت:
<<<<<<<کفار کے ملکوں کی حیثیت:>>>>>>>>
شریعت میں بلاشبہ پوری دنیا کے ملک مسلمانوں کے لیے یاتو دارالحرب کا درجہ رکھتے ہیں یا پھر بامعاہدہ(حلیف)ہونے کا۔ لہٰذا تمام کافر ملک تو اصل میں جنگجوملک(دارالحرب)ہیں اسی لیے ان کے خلاف ہر طرح کی لڑائی لڑنا جائز ہے ۔

جیساکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگجو ملکوں کے قافلوں کو روکتے جیساکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے قافلوں کو روکا اور کافر ملکوں کی عوام کو ضرورت پڑنے پر ضمانت کے طور پر (گروی)رکھ لیتے۔ جیساکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثقیف کی طرف سے اپنے صحابہ کو قیدی بنائے جانے پر اس کے حلیف قبیلے بنوعقیل کے ایک آدمی کو قیدی بنالیا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگجو ملکوں کے اُن بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کے قتل کا فتوی دیتے تھے کہ جن کا(دشمن میں سے)پہچانا جانا ممکن نہ ہوتا اور جنگجوؤں تک انہیں قتل کیے بغیر پہنچنا ناممکن ہوتا۔ جیساکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف میں بھی ایسا کیا اور اس شہر پرمنجنیق کے ذریعے پتھروں کی بارش کی۔ لہٰذا جنگجو ملکوں کو نقصان پہنچانے سے منع کرنے والی شرعی حدود کا وجود نہیں ،ماسوائے اس کے کہ اگر عورتیں، بچے، اور بوڑھے واضح طورپر پہچانے جاتے اور وہ جنگ وحملے میں دشمن کے مدد گار بھی نہ ہو تو اس صورت میں انہیں نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

لہٰذا کفارکے ملکوں کو دوحصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے ایک قسم حربی(جنگجو)ہے اور اصل ان کی یہی ہے۔ جبکہ دوسری قسم معاھد(حلیف)کی ہے ۔ بخاری میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مشرکوں کی تقسیم کا ذکر آیا ہے ۔ انہوں نے فرمایا:

((كان المشركون على منزلتين من النبی ﷺوالمؤمنين،مشركی أهل حرب يقاتلهم ويقاتلونه ومشركی أهل عهد لا يقاتلهم ولا يقاتلونه))

"مشرکوں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنوں کے ہاں دودرجے تھے ۔جنگجو مشرک جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم لڑتے اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑتے ۔ اور حلیف مشرک جن سے نہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لڑتے اور نہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑتے"۔

شیخ یوسف العیری شہید رحمۃ اللہ کہتے ہیں:

"والدول لا تكون ذمية بل تكون أما حربية أو معاهدة ، والذمة هی فی حق الأفراد فی دار الاسلام "۔

"جبکہ ملک تو ذمّی نہیں ہوتے بلکہ یاتو جنگجو ہوتے ہیں یاپھر معاہدہ کرنے والے(حلیف)جبکہ دارالاسلام میں ذمّی صرف افراد کا حق ہوتا ہے"

(حقيقة الحرب الصليبية الجديدة)

امام انور العولقی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

"کوئی بھی قوم جو مسلمانوں سے جنگ میں (براہ راست)داخل ہوتی ہے یا مسلم اراضی میں حملہ کرنے میں شمولیت اختیار کرتی ہے وہ فی الحقیقت "دار الحرب "بن جاتی ہے"۔

(امام انور العولقی شہیدرحمہ اللہ کے مشہور فتوے "دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم"سے اقتباس)

>>>>کفار کے بچوں ،عورتوں ،بوڑھوں کا حکم<<<<

شریعت نے"غیر حربی "ہونے کے لئے جو استثنائی صورتیں بیان کی ہیں ان میں(معہد،مستامن یاذمی ہونے کے علاوہ)بنیادی طور پر کسی کا بچہ یا عورت ہونا، انتہائی بوڑھا ،یا مزدورہوناوغیرہ ثابت ہوجائے۔اس حوالے سے چنداحادیث درج ذیل ہیں:

حضرت عبداللہ بن عمررضی اللہ عنہما سے مروی ہے:

((عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ وُجِدَتْ امْرَأَةٌ مَقْتُولَةً فِی بَعْضِ مَغَازِی رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ))

" رسول اللہﷺکے ایک غزوے کے دوران ایک عورت مقتول پائی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور

بچوں کو قتل کرنے سے منع کردیا‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۱۰،ص۲۰۸،رقم الحدیث:۲۷۹۲)

اور مسلم کی ایک حدیث جو بُریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ:

((اغْزُوا بِاسْمِ اللَّہِ فِی سَبِیلِ اللَّہِ قَاتِلُوا مَنْ کَفَرَ بِاللَّہِ اغْزُوا وَلَا تَغُلُّوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تَمْثُلُوا وَلَا تَقْتُلُوا وَلِیدًا))

’’اللہ کی راہ میں اللہ کے نام کے ساتھ حملہ کرو۔ ان لوگوں سے لڑو کہ جو اللہ کا انکار کرتے ہیں حملہ کرو اور غلو نہ کرو، اور نہ غداری کرو، اور نہ مثلہ کرو اور نہ بچے کو قتل کرو‘‘۔

(صحیح مسلم،ج۹،ص۱۵۰،رقم الحدیث:۲۱)

رباح بن ربیع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ:

((عَنْ جَدِّہِ رَبَاحِ بْنِ رَبِیعٍ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّہِ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی غَزْوَۃٍ فَرَأَی النَّاسَ مُجْتَمِعِینَ عَلَی شَیْئٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَامَ اجْتَمَعَ ہَؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَی امْرَأَۃٍ قَتِیلٍ فَقَالَ مَا کَانَتْ ہَذِہِ لِتُقَاتِلَ قَالَ وَعَلَی الْمُقَدِّمَۃِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا یَقْتُلَنَّ امْرَأَۃً وَلَا عَسِیفًا))

’’ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوے میں تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ لوگ کسی کے گرد جمع ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا: ذرا دیکھو کہ یہ لوگ کس چیز کے گرد اکٹھے ہوئے ہیں۔ تو وہ شخص واپس آیا اور اُس نے بتایا کہ ایک مقتول عورت کے گرد۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہ:یہ تو لڑ نہیں سکتی تھی۔ صحابی نے کہا کہ مقدمہ(سب سے اگلے دستے)پرخالد بن الولید تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا:’’خالد سے کہو کہ وہ کسی عورت اور مزدور کو ہرگز قتل نہ کرے‘‘۔

(سنن ابی داود،ج۷،ص۲۷۴،رقم الحدیث:۲۲۹۵)

امام النووی رحمۃ اللہ نے فرمایا:

’’أَجْمَعَ الْعُلَمَاء عَلَی الْعَمَل بِھَذَا الْحَدِیث،وَتَحْرِیم قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْیَان إِذَا لَمْ یُقَاتِلُوا ،فَإِنْ قَاتَلُوا قَالَ جَمَاھِیر الْعُلَمَاء:یُقْتَلُونَ‘‘

’’علماء کا اس حدیث پر عمل کرنے اور ایسی عورتوں اور بچوں کے قتل کی حرمت پر اجماع ہے کہ جو لڑتے نہیں لیکن اگر وہ لڑیں تو جمہورعلماء کا کہنا ہے کہ انہیں قتل کیا جائے گا۔‘‘

(شرح النووی علی مسلم،ج۶،ص۱۸۸،رقم :۳۲۸۰)

اور آپ مزید فرماتے ہیں:

’’وکذلک کل من لم یکن من أھل القتال لا یحل قتلہ الا اذا قاتل حقیقۃ أو معنی بالرأی والطاعۃ والتحریض وأشباہ ذلک‘‘

’’اور اسی طرح جو بھی لڑائی کے اہل نہ ہو اسے قتل کرنا حلال نہیں ماسوائے اس کے کہ وہ حقیقت میں لڑے یا لڑائی میں دشمن کورائے دے یا اس کی اطاعت کرے یا لڑائی پرابھارے اور اسی سے ملتے جلتے کام کرے‘‘۔

امام ابن حجر رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ اس (سابق حدیث)کا مفہوم یہ ہے کہ:

’’’فَإِنَّ مَفْھُومہ أَنَّھَا لَوْ قَاتَلَتْ لَقُتِلَتْ ‘‘

’’ اگر کوئی عورت لڑے تو اسے قتل کیا جائے‘‘۔

(فتح الباری،ج۹،ص۲۲۴،رقم۲۷۹۰)

یہ اور اسی طرح کی دوسری دلیلیں ہیں جوکہ عورتوں ، بچوں، حددرجہ بوڑھوں اور مزدور کو قتل کرنے سے مستثنیٰ قراردیتیں ہیں خواہ وہ جنگجو قوم سے ہی تعلق رکھتے ہوںمگر اس شرط کے ساتھ کہ وہ لڑائی کے دوران پہنچانے جائیں اور لڑائی پر دشمن کی نہ تو فعل اور نہ قول سے کوئی مدد کرتے ہوں ،تویوںہی اُن کا قصداً قتل کرنا حرام ہوجاتا ہے سوائے چند ایک صورتوں میں جیسے کہ دشمن کو معاملہ بالمثل(دشمن کو بدلے کی سزا)دینے کی خاطر، جیسا آگے اس کا ذکر آئے گا۔

وہ استثنائی صورتیں جس میں کفار کے بچوں ،عورتوں ،بوڑھوں کو مارنا بھی جائز ہوجاتاہے---

1۔ کافر وں کے ساتھ گڈمڈ ہوجانا
2۔ کفار کے عورتوں ،بوڑھوں اور بچوں کا مسلمانوں کے خلاف جنگ میں کسی بھی طرح شریک ہونا
3۔ جب دشمن پر عام تباہی مسلط کرنا مقصود ہو
4۔ جب کفار پر سنگ باری کرنا مقصود ہو
5۔ جب کفار اپنی عورتوں اور بچوں کوہی ڈھال بنالیں
6۔ کفار کی طرف سے عہد شکنی کی صورت میں
7۔ جب"معاملہ بالمثل"(بدلے کی سزا دینا)مقصود ہو
ان سات صورتوں کے دلائل اگلی پوسٹ میں ان شاء اللہ

پیرس حملوں کی بابت::::
ایسی استثنائی صورتیں جن میں کفار کے بچوں ،عورتوں ،بوڑھوں کو مارنا بھی جائز ہوجاتاہے
>>>کافر وں کے ساتھ گڈمڈ ہوجانا<<<
پہلی صورت یہ ہے کہ کفار کے بوڑھوں، عورتوں اور بچوں جیسے معصوم لوگوں کادوسرے کافروں کے ساتھ بغیر قصد کے قتل کرنا اس شرط کے ساتھ جائزہے کہ وہ ان جنگجوؤں کے ساتھ اور قلعوں میں نشانہ بنیں کہ جن کے سبب انہیں پہچانا نہ جاسکے تو اس صورت میں انہیں قتل کرنا جائز ہے۔ اس کی دلیل وہ حدیث ہے جو صحیحین میں الصعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:
((قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ الذَّرَارِيِّ مِنْ الْمُشْرِكِينَ يُبَيَّتُونَ فَيُصِيبُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ فَقَالَ هُمْ مِنْهُمْ))
"انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کی اولادوں کے بارے میں سوال کیا گیا کہ جب رات کے وقت اُن(مشرکوں)پر حملہ کرتے ہیں تو ان کی عورتیں اور بچے بھی نشانہ بن جاتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:((هُمْ مِنْهُمْ))"وہ انہی میں سے ہیں"۔
(صحیح مسلم،ج۹،ص۱۷۷رقم الحدیث:۳۲۸۱)
یہ حدیث کفار کی عورتوں، بچوں کو ان کے باپوں کے ساتھ اُس صورت میں قتل کرنے کے جوازکی دلیل ہے کہ جب وہ پہچانے نہ جائیں۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ:
((هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ))
"وہ اپنے باپوں میں سے ہیں"۔
(صحیح مسلم،ج۹،ص۱۹۷رقم الحدیث:۳۲۸۳)
حضرت عبدا للہ بن عمرو سے روایت ہے :
((اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَغَارَ عَلَى بَنِي الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّونَ وَأَنْعَامُهُمْ تُسْقَى عَلَى الْمَاءِ فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَهُمْ وَسَبَى ذَرَارِيَّهُمْ))
"نبی کریم ﷺنے بنی مصطلق پر چھاپہ مار اجبکہ وہ غفلت کے عالم میں تھے اور ان کے جانوروں کو پانی پلایا جارہا تھا۔ ان میں سے جو لوگ لڑنے والے تھے ان کو تو آپ ﷺنے قتل کردیا اور عورتوں اور بچوں کو قید کرلیا"۔
(صحیح البخاری،ج۸،ص۴۷۲،رقم الحدیث:۲۳۵۵)
((أمر علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ،أبا بکر فغزونا ناسا من المشرکین، فبیتناهم،وقتلناهم،وکان شعارنا أمت،أمت،قال سلمة:فقتلت بیدی تلک اللیلة ، سبعة أهل أبیات))
"رسول اللہ ﷺنے حضرت ابوبکر کو ہمارے لشکر کا امیر بنادیا،پس ہم نے مشرکین سے جنگ کی ،ان پر شب خون مارا اور ان کو قتل کیا ،اس رات ہمارا خفیہ اشارہ "أَمِتْ أَمِت"تھا۔حضرت سلمہ فرماتے ہیں کہ اس رات میں اپنے ہاتھ سے سات گھروں کے مشرکوں کو قتل کیا"۔
(صحیح ابن حبان،ج۲۰،ص۹،رقم الحدیث:۴۸۳۳)
یہ حدیث کم وبیش الفاظ کے ساتھ سنن ابی داود،مسند احمد موجود ہے اور امام حاکم اس کو مسلم کی شرائط پر

صحیح قرار دیاہے ۔

جمہور(علماء)کی رائے ہے کہ کفار کی عورتوں اور ان کی اولادوں کو قصداً قتل نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اگر ان کے باپوں کے قتل تک انہیں (بچوں، عورتوں)کو بغیر پہنچانے کے نشانہ بنایاجائے تو پھر یہ (ان عورتوں بچوں کا قتل)جائز ہے۔

امام ابن حجر رحمۃ اللہ صعب بن جثامہ والی حدیث کے ضمن میں فرمایا:

''قَوْله:(عَنْ أَهْل الدَّار)أَيْ الْمَنْزِل،هَكَذَا فِي الْبُخَارِيّ وَغَيْره وَوَقَعَ فِي بَعْض النُّسَخ مِنْ مُسْلِم ''سُئِلَ عَنْ الذَّرَارِيّ''قَالَ عِيَاض:الْأَوَّل هُوَ الصَّوَاب۔وَوَجَّهَ النَّوَوِيّ الثَّانِي وَهُوَ وَاضِح.قَوْله:(هُمْ مِنْهُمْ)أَيْ فِي الْحُكْم تِلْكَ الْحَالَة،وَلَيْسَ الْمُرَاد اِبَاحَة قَتْلهمْ بِطَرِيقِ الْقَصْد اِلَيهِمْ ، بَلْ الْمُرَاد اِذَا لَمْ يُمْكِن الْوُصُول اِلَى الْآبَاء اِلَّا بِوَطْئِ الذُّرِّيَّة فَإِذَا أُصِيبُوا لِاخْتِلَاطِهِمْ بِهِمْ جَازَ قَتْلهمْ ۔''

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ اہل دار سے مراد گھروالے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ وہ انہی میں سے ہیں یعنی اس حالت میں(شرعی)حکم میں اور اس سے قصداً(ارادے کے ساتھ)انہیں قتل کی اباحت مراد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر بڑوں تک بچوں کو روندے بغیر پہنچنا ممکن نہ ہو اور وہ (بچے)اُن(بڑوں)کے ساتھ اختلاط کی وجہ سے نشانہ بن جائیں تو اس صورت میں اُن کا قتل جائز ہے''۔

(فتح الباری لابن حجر،ج۹،ص۲۲۴،رقم :۲۷۹۰)

امام مسلم صحیح مسلم میں باقاعدہ یہ باب باندھتے ہیں''بَاب جَوَازِ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فِي الْبَيَاتِ مِنْ غَيْرِ تَعَمُّدٍ''''رات میں غیر ارادی طور پر عورتوں اور بچوں کے قتل کا جواز''اورامام النووی، صحیح مسلم کی اپنی شرح میں اس باب کے تحت آنے والی احادیث پر فرماتے ہیں :

